13

درختوں سے محبت

4331CH13

درختوں پر ہے چڑیوں کا بسیرا
درختوں سے ملے سایہ گھنیرا
خوشی سے چہچہاتے ہیں پرندے
خدا کی حمد گاتے ہیں پرندے
مسافر دھوپ سے گھبرا کے آئیں
تو ٹھنڈی چھاؤں میں آرام پائیں

© NCERT not to be republished

سڑک، میدان، رستوں پر گھروں پر
درختوں کا اثر ہے موسموں پر
بڑے بوڑھے ہمارے کہہ گئے ہیں
درختوں سے ہزاروں فائدے ہیں
بڑوں کی یہ نصیحت یاد رکھیں
درختوں کو سدا آباد رکھیں
درختوں کی حفاظت ہم کریں گے
درختوں سے محبت ہم کریں گے

(مدحت الاختر)

© NCERT not to be republished

مشق

پڑھیے اور سمجھیے



حمد	خدا کی تعریف
سدا	ہمیشہ
بسیرا	ٹھکانا، رہنے کی جگہ
مسافر	سفر کرنے والا
نصیحت	صلاح، نیک کام کرنے کا مشورہ
حفاظت	دیکھ بھال، نگرانی

© NCERT not to be republished

سوچیے اور بتائیے

1. پرندے درختوں پر کیا کیا کرتے ہیں؟

....

2. پیڑ پودے موسموں پر کیسے اثر ڈالتے ہیں؟

....

3. گول کرنا آسان کیوں نہیں ہوتا؟

....

4. درخت ہمارے کس کس کام آتے ہیں؟

....

5. درختوں کو سدا آباد رکھنے کا کیا مطلب ہے؟

....

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے

1. درختوں پر ہے .... کا بسیرا (پرندوں/چڑیوں)
2. خدا کی .... گاتے ہیں پرندے (حمد/نعت)
3. مسافر .... سے گھبرا کر آئیں (بارش/دھوپ)
4. درختوں کو .... آباد رکھیں (سدا/صدا)
5. درختوں کی .... ہم کریں گے (حفاظت/بربادی)

نیچے دیے گئے لفظوں کے واحد لکھیے

درختوں	چڑیوں	موسموں	بڑوں	رستوں	گھروں

© NCERT not to be republished

نیچے دی گئی تصویروں کو دیکھیے اور ان پر ایک ایک جملہ لکھیے





© NCERT not to be republished

پہلا حرف بدل کر نیا لفظ بنائیے

مثال : گاؤں : پاؤں

مالا : ....

اونٹ : ....

دال : .... 

چائے : ....

دکان : ....

نظم سے ایسے تین مصرعے لکھیے جن میں لفظ 'درختوں' آیا ہے

✍ ....

✍ ....

✍ ....

© NCERT not to be republished

کیجیے

نیچے دیے گئے لفظوں کی مدد سے خالی خانوں کو بھریے

درخت	حمد	چڑیا	پرندے
خدا	سدا	موسم	میدان

		ا		س	م			م
چ								
			خ		د		ح	س
ی								
			ے		ن		پ	

بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

نصیحت ....

حفاظت ....

چھپانا ....

چھاؤں ....

گھنیرا ....

© NCERT not to be republished

نیچے دی گئی تصویر میں فرق بتایئے اور لکھیے



....

....

درختوں سے حاصل ہونے والی چیزوں کی ایک فہرست بنایئے

....

....

....

© NCERT not to be republished

لطیفہ / چٹکلہ

استاد : سرگرم کو جملے میں استعمال کرو۔

شاگرد : گرمیوں میں ننگے سر گھومنے سے سر گرم ہو جاتا ہے۔

پہیلی

سموسہ کیوں نہ کھایا

جوتا کیوں نہ پہنا

© NCERT not to be republished

اساتذہ کے لیے ہدایات

- طلبا سے مختلف درختوں پر گفتگو کروائی جاسکتی ہے۔
- نظم کو مناسب لب و لہجے اور اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھوایا جاسکتا ہے۔
- 'درختوں کے فائدے' پر ایک پیراگراف لکھوایا جاسکتا ہے۔